فوری ریلیز کے لیے: 2023/1/5 **_گورنر KATHY HOCHUL_**

**_گورنر HOCHUL کی جانب سے ساراناک جھیل کے شہری مرکز کی تقریباً 7$ ملین ڈالر کی تجدید کی تکمیل کا اعلان_**

**_مقام آنے والے لیک پلیسیڈ 2023 ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے دوران کرلنگ مقابلوں کی میزبانی کرے گا_**

**_بحالی شدہ سہولت مستقبل کے مقابلوں میں معاونت کے لیے علاقائی کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بناتی ہے، اولمپک علاقائی ترقیاتی اتھارٹی (ORDA) سہولیات میں ریاستی سرمایہ کاری کی تکمیل کرتی ہے_**

**_کھیلوں کے مقابلے 12 تا 22 جنوری کو پورے نارتھ کنٹری میں ہو رہے ہیں؛ ٹکٹ یہاں دستیاب ہیں_**

گورنر Kathy Hochul نے آج فرینکلن کاؤنٹی میں ساراناک جھیل شہری مرکز میں تقریباً 7$ ملین کے تجدیدی منصوبے کی تکمیل کا اعلان کیا ہے۔ سال بھر، بلامنافع تفریح اور تقریبات کی سہولت کو اندرونی اور بیرونی طور پر نمایاں بہتر بنایا گیا، اور اس کی تکمیل 12 جنوری سے شروع ہونے والے آئندہ لیک پلیسیڈ FISU 2023 ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے، اور مرکز مردوں اور خواتین کے کرلنگ کے مقابلوں کی میزبانی کرے گا۔ منصوبے کو نارتھ کنٹری علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے ذریعے امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے شمالی ریاست کے احیائے نو کے اقدام کے فنڈز میں 5$ ملین سے زیادہ کی معاونت حاصل تھی۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "چونکہ نیو یارک کا نارتھ کنٹری ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے لیے دنیا بھر سے آنے والے مہمانوں کا خیرمقدم کرتا ہے، ہمارے پاس تجدید کردہ ساراناک جھیل کے شہری مرکز کے ساتھ اپنی عالمی سطح کے مسابقتی سرمائی کھیلوں کی سہولیات کی نمائش کا ایک منفرد موقع ہے۔ تجدید کردہ شہری مرکز ناصرف کرلرز اور شائقین کے لیے ایک بہترین تجربہ فراہم کرے گا، بلکہ یہ نوجوانوں کے کھیلوں کے گروہوں، ہمارے مقامی علاقوں اور پورے نارتھ کنٹری کے علاقے کی آنے والی نسلوں کو بھی تقویت دے گا"۔

**امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "جیسے جیسے لیک پلیسیڈ FISU 2023 ورلڈ یونیورسٹی گیمز قریب آرہے ہیں، ہم ساراناک جھیل کے شہری مرکز کی بحالی کا جشن منانے کے لیے پُرجوش ہیں۔ مرکز ایک اہم علاقائی ساتھی ہے، اور تجدید اس بات کو یقینی بنائے گی کہ یہ آنے والے برسوں تک موسم سرما کے کھیلوں اور مقابلوں کا ایک اہم مقام رہے گا"۔

لگ بھگ 7$ ملین سرمائے کے منصوبے میں اندرونی اور بیرونی تزئین و آرائش نیز بجلی کی بچت، آتش زنی اور سلامتی میں بہتریاں شامل تھیں۔ رنک کی بہتریوں نے اس بات کو یقینی بنایا کہ برف کی سطح عالمی معیار کے مقابلے کے معیار پر پورا اترتی ہے۔ باورچی خانے، لاکر روم کی سہولیات اور تماشائیوں کے بیٹھنے میں اضافی اصلاحات کھلاڑیوں اور مہمانوں کے لیے بہتر تجربہ پیش کرتے ہیں، اور مستقبل کے مقابلوں کو راغب کرنے کے لیے ساراناک جھیل کی بہتر پوزیشن، علاقائی کھیلوں کے مقابلے کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بناتے ہیں۔ منصوبہ نارتھ کنٹری علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کی بین الاقوامی کھیلوں کے مقابلوں کو راغب کرکے خطے کے عالمی سپورٹس برانڈ کو مضبوط بنانے کی حکمتِ عملی کے ساتھ ہم آہنگ ہے جو نجی سرمایہ کاری اور ملازمتوں میں اضافے کو تحریک دے گا اور علاقے کی کھیلوں اور مہمان نوازی کی سہولیات کی تزئین و آرائش کو متحرک کرے گاترقیاتی کام

لیک پلیسیڈ FISU 2023 گیمز ایک 11 روزہ سرما کے کثیر کھیلوں کے مقابلوں کا اور تعلیمی میلہ ہے، جو 12 تا 22 جنوری کو پورے نارتھ کنٹری کے علاقوں میں منعقد ہو رہا ہے۔ 540 سے زائد یونیورسٹیاں اور 46 ممالک کے تقریباً 1500 کھلاڑی 12 سرمائی کھیلوں اور 86 تمغوں کے مقابلوں میں حصہ لیں گے۔ مقابلوں میں الپائن اسکیئنگ، بائیتھلون، کراس کنٹری اسکیئنگ، کرلنگ، فگر اسکیٹنگ، فری اسٹائل اور فریسکی، آئس ہاکی، نورڈک کمبائنڈ، اسکی جمپنگ، سنو بورڈنگ اور اسپیڈ اسکیٹنگ شامل ہیں۔

گیمز موسمِ سرما کے کھیلوں کے ہزاروں شائقین کو ساراناک جھیل اور جھیل پلیسیڈ نیز آس پاس کے علاقوں بشمول کینٹن، نارتھ کریک، پوٹسڈیم اور ولنگٹن کی طرف بھی راغب کریں گے۔ گیمز کے بارے میں مزید معلومات، بشمول ٹکٹ کی خریداری کے اختیارات، یہاں دستیاب ہیں۔

**جھیل سارانا ک کے شہری مرکز کے بورڈ کے رکن، Ollie Burgess نے کہا،** "جھیل سارانا ک کے شہری مرکز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامی ٹیم کی جانب سے، ہمیں اپنے سرمائے میں بہتری اور توسیعی منصوبے کی تکمیل کا جشن منانے پر فخر ہے۔نے کہا، ہم گورنر Hochul ، امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، نارتھ کنٹری علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل اور اپنے مقامی حامیوں کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے، جن کے بغیر یہ ناقابلِ یقین منصوبہ مکمل نہیں ہو سکتا تھا۔ جبکہ ہم بین الاقوامی کرلنگ کمیونٹی کی میزبانی کرنے کی تیاری کر رہے ہیں، سہولت کو جدید اور بہتر بنانے نے سارانا ک جھیل کے علاقے کو عالمی معیار کے موسمِ سرما کے کھیلوں کی منزل کے طور پر مزید مستحکم کیا ہے، اور نارتھ کاؤنٹی کے بچوں، خاندانوں اور اہلِ علاقہ کی مدد کرنے میں ایک رہنماء ہے"۔

منصوبہ خطے کے سرمائی کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کے لیے دیگر ریاستی سرمایہ کاری کی تکمیل کرتا ہے۔ پچھلے چھ سالوں میں، نیو یارک نے ریاست کی اولمپک علاقائی ترقیاتی اتھارٹی کی سہولیات میں $550 ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے تاکہ اس خطے کو موسمِ سرما کے کھیلوں کے عالمی مقام کے طور پر تبدیل کرنے میں مدد ملے۔ ORDA کے مقامات عالمی سطح کے تجربات اور مقابلوں کی فراہمی کے ساتھ ساتھ تقریبات، کھلاڑیوں کی تربیت اور تفریح کے لیے سال بھر کھلے رہتے ہیں۔عالمی معیار کے تجربات اور مقابلوں کو فراہم کرتے ہوئے یہ مقامات تقریبات، کھلاڑیوں کی تربیت اور تفریح کے لیے سال بھر کھلے رہتے ہیں۔ گزشتہ موسمِ سرما میں، نیو یارک نے 68.5 ملین مہمانوں کا خیرمقدم کیا تھا، جس سے براہِ راست مہمانوں کے اخراجات میں $16.1 بلین سے زیادہ کا اضافہ ہوا۔

سارانا ک جھیل کا شہری مرکز اصل میں سنہ 1970 کی دہائی میں اس خطے میں نوجوانوں کی ہاکی کی معاونت کرنے کے لیے بنایا گیا تھا۔ سنہ 1989 میں، میدان کو لیز پر لینے اور اس سہولت کو چلانے کے لیے، سارانا ک لیک سوک سینٹر انکارپوریشن بنائی گئی تھی۔ یہ مرکز سرمائی کھیلوں کی میزبانی کرتا ہے جن میں ہاکی، کرلنگ اور فگر سکیٹنگ کے ساتھ ساتھ نیلامی اور تجارتی شو جیسے غیر کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ 24,000 مربع فٹ کے مرکز میں 15,000 مربع فٹ مسلسل کھلی منزل کی جگہ ہے اور اس میں چھ نئے لاکر رومز کے علاوہ ایک نئی گرم اور ایئر کنڈیشنڈ لابی، اور ایک گرم دوسری منزل کی دوچھتی شامل ہے۔

**اڈیرانڈیک سپورٹس کونسل کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Ashley Walden نے کہا،** "سارانا ک جھیل کے شہری مرکز میں بہت کم وقت میں ایک حیرت انگیز تبدیلی آئی ہے۔ ان تمام لوگوں کا شکریہ جنہوں نے اس منصوبے پر انتھک محنت کی۔ لیک پلیسیڈ FISU 2023 ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے بنیادی مشنوں میں سے ایک دیرپا میراث چھوڑ رہا ہے۔ یہ شہری مرکز آنے والے برسوں تک سارانا ک جھیل کے علاقے کے لیے ایک پائیدار میراث چھوڑے گا۔ میں ہر ایک کو ترغیب دیتی ہوں کہ وہ کھیلوں کے کرلنگ مقابلوں میں شرکت کرے اور خود دیکھیں کہ کیا حاصل کیا گیا ہے"۔

**ریاستی سینیٹر Dan Stec نے کہا،** "اگلے ہفتے شروع ہونے والے ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے ساتھ، سارانا ک جھیل کے شہری مرکز میں تجدید کی تکمیل اس بات کو یقینی بنانے میں ایک اور حصہ ہے کہ ہمارا علاقہ کھلاڑیوں اور مہمانوں کی آمد کے لیے تیار ہے۔ یہ بہتری اس مرکز کو کھیلوں کے بعد کھیلوں اور دیگر تقریبات کا بھی ایک بڑا مرکز بنا دے گی، اور مجھے توقع ہے کہ یہ آنے والے برسوں تک ہمارے علاقوں کا ایک اہم حصہ بنے گا"۔

**رکنِ اسمبلی Billy Jones نے کہا،** "تفریح تک رسائی معیارِ زندگی میں زبردست فرق پیدا کرتی ہے اور ساراناک جھیل کے شہری مرکز میں ریاست کی سرمایہ کاری سے مقامی لوگوں اور سیاحوں دونوں کے لیے اس علاقے میں کھیلوں کے بے شمار مقابلے اور مواقع حاصل ہوں گے۔ حالیہ تجدیدیں مستقبل کے بین الاقوامی کھیلوں کے مقابلوں کے لیے نارتھ کنٹری کو نقشے پر لانے کا ایک کلیدی حصہ ہیں جبکہ علاقے کے قابلِ قدر وسائل میں بھی اہم بہتری لاتی ہیں۔ میں آئندہ FISU ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے دوران بہتری دیکھنے کا منتظر ہوں اور ہر کسی کو شہری مرکز میں کرلنگ مقابلوں کو دیکھنے کی ترغیب دیتا ہوں"۔

**سارانا‌ک جھیل کے میئر Jimmy Williams نے کہا،** "میں بیان نہیں کر سکتا کہ سارانا‌ک جھیل کے شہری مرکز کا ہمارے علاقے کے لیے دہائیوں سے کیا مطلب ہے۔ یہ لاتعداد نوجوانوں کی زندگیوں میں بہتر تبدیلی لایا ہے، اور ہم سب کو بطور کھلاڑی، قابلِ فخر والدین اور پڑوسیوں کے قریب لایا ہے۔ جب میں ایک چھوٹا سا لڑکا ہوتا تھا جو اسکیٹنگ سیکھ رہا تھا، تب سے شہری مرکز ہر سال رضاکاروں اور فراخ دل عطیہ دہندگان کے خون، پسینے اور آنسوؤں پر زندہ رہنے کی جنگ لڑتا رہا ہے۔ ریاست نیو یارک کی مدد کے بغیر اس سہولت کی مکمل بحالی کبھی ممکن نہیں تھی۔ تجدید اور اصلاحات اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ یہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک اثاثہ رہے۔ میں ریاست نیو یارک اور ان تمام لوگوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے یہ ممکن بنایا۔ جبکہ ہم ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے لیے بین الاقوامی کرلنگ کمیونٹی کا خیر مقدم کرتے ہیں، ہم سارانا‌ک جھیل کو دنیا کے سامنے پیش کرنے کے منتظر ہیں"۔

**Harrietstown کی سپروائزر Jordanna Mallach نے کہا،** "میں تجدید کردہ سارانا‌ک جھیل کے شہری مرکز کے بارے میں بہت پُرجوش ہوں اور اگلے ہفتے ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے دوران دنیا کا خیرمقدم کرنے کی منتظر ہوں۔ ہمارے علاقے میں ان لوگوں کا بہت بہت شکریہ جنہوں نے اس منصوبے میں وقت، کوشش اور توانائی صرف کی۔ آپ کے تعاون کے لیے گورنر Hochul اور امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کا شکریہ، اور میں اتوار کی سہ پہر پبلک اسکیٹنگ کے لیے برف پر جانے کی بیتابی سے منتظر ہوں"۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں